ترتیب : رانا محمد ارشد

متفرق سرگرمیاں
(بسلسلہ جشنِ آئین)

۱- جشنِ آئین و عیدِ میلاد النبی صلی اللہ علیہ وسلم کے سلسلے میں جامعۂ اسلامیہ و سیکنڈری سکول جامعہ کی عمارات پر ۱۲ اپریل تا ۱۶ اپریل ۱۹۷۳ع چراغاں کیا گیا ۔

۲- ۱۴ اپریل ۱۹۷۳ع کی صبح کو سیکنڈری سکول جامعۂ اسلامیہ میں ''پی ٹی'' شو ہوا اور جامعہ کے طلباء میں مٹھائی تقسیم کی گئی ۔ اس کے بعد ساڑھے گیارہ بجے (قبل از دوپہر) رئیس جامعہ کی زیرِ صدارت اساتذۂ کرام کا ایک اجلاس ہوا جس میں پاکستان کے نئے آئین کو سراہا گیا اور اس کی کامیابی کے لیے دعا مانگی گئی ۔

- شام کو پانچ بجے والی بال کا نمائشی میچ ہوا جس کے اختتام پر انعامات تقسیم کیے گئے ۔

۳- ۱۵ اپریل ۱۹۷۳ع کو صبح ۹ بجے جامعہ ہال میں جناب ملک احمد خان صاحب کمشنر بہاولپور ڈویژن بہاولپور کی زیرِ صدارت آئین کے موضوع پر مجلس مذاکرہ منعقد ہوئی جس میں رئیس الجامعہ ، جامعہ اسلامیہ اور ایس ۔ ای ۔ کالج کے پروفیسر صاحبان نے تقاریر کیں ۔

- ڈاکٹر یو ۔ ایم ۔ سلیم خان فارانی ، رئیس الجامعہ نے فرمایا کہ ہماری قوم کو آئین کی تیاری میں لامثال کامیابی حاصل ہوئی ہے ۔

اس کی عظمت کا اعتراف اغیار کو بھی ہے اور وہ سب کے سب اس کارنامے کی انجام دہی پر ورطہ' حیرت میں پڑ گئے ہیں - یہ آئین صدرِ پاکستان کا شاندار کارنامہ ہے جو تاریخ میں ہمیشہ یادگار رہے گا۔

- پروفیسر محمد کامل صاحب نے کہا ''قوم کو پچیس سال بعد ایک ایسا جمہوری آئین ملا ہے جسے اب کوئی شخص ختم نہیں کر سکے گا۔''
- پروفیسر الٰہی بخش جار اللہ صاحب نے کہا کہ ایک اچھے آئین کی جو خصوصیات اہلِ علم اور اہلِ نظر کے نزدیک معقول و معتبر ہوا کرتی ہیں وہ ہمارے نئے آئین میں بدرجہ' اتم موجود ہیں ۔
- پروفیسر صاحبزادہ عبدالرسول صاحب نے پاکستان میں آئین سازی کی تاریخ پر روشنی ڈالی اور اس امر پر مسرت کا اظہار کیا کہ نئے آئین کی تشکیل میں گزشتہ تجربات سے استفادہ کیا گیا ہے اس لیے وہ ان خامیوں سے پاک ہے جو گزشتہ آئینوں کی ناکامی کا باعث بنیں ۔
- پروفیسر منور علی خان صاحب نے کہا کہ پاکستان کے نئے آئین کے بننے سے ایک خوش حال اور ترقی پذیر معاشرے کی بنیاد پڑ گئی ہے ۔
- مجلسِ مذکورہ کے صدر ڈویژنل کمشنر جناب ملک احمد خان صاحب نے کہا ''ملک و ملت کو ایک قابلِ عمل اور قابلِ قبول آئین دینے پر صدر مملکت کے فہم و فراست کی جس قدر تعریف کی جائے کم ہوگی ۔''

اسی دن شام کو جامعہ گراؤنڈ میں فٹ بال کا نمائشی میچ ہؤا جس کے اختتام پر رئیس الجامعہ نے کھلاڑیوں میں انعامات

تقسیم کیے -

۴- ۱٦ اپریل ۱۹۷۳ء کو ساڑھے آٹھ بجے شب سیرت النبی صلی اللہ علیہ وسلم پر جامعہ ہال میں جلسہ منعقد ہوا جس میں جامعہ کے مندرجہ ذیل اساتذہ کرام نے تقاریر کیں :

۱- جناب مولانا سید احمد سعید کاظمی صاحب
شیخ الحدیث ، جامعہ اسلامیہ

۲- جناب مولانا محمد عبدالرشید نعمانی صاحب
نائب شیخ الحدیث ، جامعہ اسلامیہ

۳- جناب مصطفٰی امام صاحب (مصری)
استاذ الادب ، جامعہ اسلامیہ

۴- جناب مولانا لطافت الرحمٰن صاحب
استاذ الفقہ ، جامعہ اسلامیہ

☆ ☆ ☆

سلسلهٔ جشنِ آئین

منظومات

☆

- دستور پاک
- آئینِ ارضِ پاک